ضرورت نہیں پھران میں سے بھی کچھ لوگ امام مہدی کے انتظار میں ہے کہ امام مہدی ایک غار کے باہر ڈیرہ لگائے بیٹھے ہیں ایک تیسرا گروہ وہ ہے جو امام مہدی علیہ السلام کے ظہور کا منکر ہے، اور یہ گروہ نہ خود بھٹکے ہوئے ہیں بلکہ عام مسلمانوں کو گمراہ کرنے کے درپے ہیں۔ایک چوتھا گروہ وہ ہے جس کو اہل سنت والجماعت کہا جاتا ہے۔ان کا عقیدہ سب سے مختلف ہے اور وہ اپنے عقیدہ پر قرآن وسنت کے دلائل کے ساتھ ساتھ اکابرین امت کی تصریحات بھی رکھتا ہے۔الغرض اہل سنت والجماعت کے عقائد میں سے امام مہدی کا ظہور اخیر زمانہ میں حق اور صدق ہے اس پر عقیدہ رکھنا ضروری ہے زیر نظر کتاب میں ظہور امام مہدی کا صحیح عقیدہ تفصیل سے بیان کرنے کے ساتھ ساتھ دیگر غلط عقائد کی تغلیط نقلاً وعقلاً واضح کر دیئے گئے ہیں خداوند کریم مؤلف جزیل کے ان مساعی کو شرف قبولیت عطا فرمادیں اور امت مسلمہ کو راہ حق پر چلنے کی توفیق عطا فرمادیں۔

نام کتاب: روضة الفقہ

تالیف: پروفیسر ڈاکٹر محمد عبدالعلی آچکزئی،

ضخامت: 212 صفحات

قیمت: 105 روپے

تفقہ فی الدین اللہ تعالیٰ کی ایک بڑی نعمت ہے، جس سے اللہ تعالیٰ اپنے منتخب بندوں کو نوازتا ہے۔اس لئے کہ بندہ دنیا وآخرت میں نفع بخش اور ضرر رساں اعمال کی شناخت صحیح دینی فہم کے ذریعہ کرتا ہے اور اپنے حقوق وفرائض کو پہچانتا ہے اور حقوق وفرائض کی شناخت اور اس کی ٹھیک ٹھیک بجا آوری پر ہی دنیا میں عدل وتوازن کی بنیاد قائم ہے جو دنیاوی زندگی میں امن وسکون کی ضمانت اور آخرت میں نجات کا ذریعہ ہے۔

علم فقہ متعدد عناصر پر مشتمل ہے، اس میں اصول فقہ، تاریخ فقہ، عبادات اور معاملات سے متعلق قرآن وسنت کی روشنی میں مدون کے گئے مختلف قوانین شامل ہیں اسی طرح فقہ کا موضوع نہایت وسیع ہے اور اس کی وسعت انسانی زندگی کے سب ہی گوشوں پر حاوی ہے بلوچستان یونیورسٹی کے نصاب جدید کے مطابق ایم اے اسلامیات کا پرچہ بھی علم فقہ کے اہم بنیادی عناصر یعنی اصول فقہ تعارف وآغاز اور مختلف قوانین سے مرتب کیا گیا۔

چونکہ بازار میں علم فقہ کے متعلق کوئی ایسی جامع کتاب دستیاب نہیں تھی۔جو اس علم کے تمام متعلقہ امور پر حاوی ہو، جس کے وجہ سے طلباء کو خاص مشکلات درپیش تھیں، ان مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے شعبہ فقہ کے استاد ڈاکٹر عبدالعلی آچکزائی نے اس موضوع پر قلم اٹھایا اور ایک جامع نصابی کتاب کو ترتیب دی ہمیں امید ہے کہ موصوف کا یہ کاوش ایم اے اسلامیات کے طلباء کی پرچہ ''الفقہ'' سے متعلق ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے ساتھ ساتھ عام قارئین کے لئے بھی کارآمد رہے گی۔دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں دین اسلام کے احکام کے صحیح فہم عطا فرمائے اور خلوص کے ساتھ ان پر عمل پیرا ہونے کی توفیق بخشے، آمین۔